نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی بذریعہ ویڈیو لنک فیلڈ فارمیشنز کا ہنگامی اجلاس

ایران جنگ کے باعث ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کے پیشِ نظر حکومت گندم کے کاشتکاروں کو 1500 روپے فی ایکڑ کے حساب سے سپورٹ فراہم کر رہی ہے۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: **04** اپریل **2026** (   ) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے ویڈیو لنک کے ذریعے فیلڈ فارمیشنز کے ہنگامی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں و دیگر متعلقہ ڈائریکٹر جنرلز نے شرکت کی جبکہ فیلڈ فارمیشنز کے افسران آن لائن شریک ہوئے۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے متعلقہ فارمیشنز کو ہدایت کی کہ وہ گندم کی کٹائی کے ریٹ میں کمی کیلئے جلد از جلد سروس پرووائیڈرز کے ساتھ مذاکرات کریں اور کاشتکاروں سے بھی مسلسل رابطہ رکھیں تاکہ گندم کی کٹائی کے دوران کاشتکاروں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انھوں نے مزید کہا کہ ایران جنگ کے باعث ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کے پیشِ نظر حکومت گندم کے کاشتکاروں کو 1500 روپے فی ایکڑ کے حساب سے سپورٹ فراہم کر رہی ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب گندم کے کاشتکاروں کیلئے فراہم کی جانے والی اس مالی اعانت کی خود مانیٹرنگ کریں گی

☆☆☆☆